# 1120-کیا سودی معاشرے میں سودی لین دین کرنا جائز ہے ؟

## سوال

کیا سود پر قائم معاشرے میں مسلمان شخص کے لیے سودی لین دین کرنا جائز ہے ؟

## پسندیدہ جواب

سودی لین دین کرنا جائز نہیں، اگرچہ وہ معاشرے سود پر ہی قائم ہوں اوراس کی بنیاد سود پر رکھی گئی ہو، کیونکہ سود کی حرمت کے عمومی دلائل اسی پر دلالت کرتے ہیں، اس کو چاہیے کہ وہ حسب طاقت اوراستطاعت برائی کو بدلے اور ختم کرنے کی کوشش کرے، اوراگر وہ اس کی استطاعت اور طاقت نہیں رکھتا تواسے اس معاشرے سے کہیں اور منتقل ہوجانا چاہیے، تا کہ وہ برائی سے دور رہےاوراس خدشہ کے پیش نظر کہ جس میں وہ معاشرہ پڑا ہوا ہے کہیں وہ بھی اس کا مرتکب نہ ہوجائے.

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والاہے، اوراللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے.